13/07/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شیخ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ خواتین کو ہنر مند بنا کر انہیں با اختیار بنانا انکی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوںنے بلپورہ شوپیان آرمی گڈ وِل سکول اور جنوبی کشمیر کے دیگر5مراکز سے ہنر مندی کی تربیت مکمل کرنے والی خواتین میں کئی سلائی مشینیں اور اسناد تقسیم کئے۔

اپنی تقریر میں منوج سنہا نے کہا کہ ایسے اقدامات کا مقصد خواتین کو اقتصادی اعتبار سے خود کفیل بنانا ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے رفیع آباد بارہمولہ میں چھجہامہ سے ترگپورہ سڑک پر غیر معیاری کام کا سنجیدہ نوٹس لیتے ہوئے ایک جونئیر انجینئر ریاض احمد بٹ کو معطل کرنے کے علاوہ قصور وار ٹھیکے دار کے خلاف وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا ہے۔

اس نسبت سے ایک ویڈیو وائرل ہوا تھا ،جس میں لوگوںنے غیرمعیاری کام پر اپنی تشویش ظاہر کی تھی۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عوامی بنیادی ڈھانچے کی تعمیرو ترقی میں کسی بھی طرح کا سمجھوتہ یا کوتاہی برداشت نہیں کی جا سکتی۔

یاترا

سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا خوش اسلوبی کے ساتھ جا ری ہے اور اب تک پوتر گپھا میں مجموعی طور پر ایک لاکھ 82 ہزار 746 یاتری شیولنگم کے درشن کر چکے ہیں۔

اس دوران آج پہلگام اور بالتل کے دونوں روایتی راستوں سے ہزاروں یاتریوں کو درشن کےلئے گپھا کی طرف روانہ کیا گیا،جبکہ بھگوتی نگر جموں سے آج علی الصبح7ہزار49 یاتریوں کا ایک اور قافلہ وادی کی طرف روانہ کیا گیا۔

امرینہ انجم

وادی میں گرمی کی شدت میں اضافہ ہونے اور کم بارشیں ہونے کی وجہ سے چھوٹے بڑے دریاؤں اور ندی نالونمیں پانی کی سطح انتہائی کم ہو گئی ہے اور کئی علاقوں میں لوگوں کو پینے اور فصلوں و باغات کی آبپاشی کیلئے پانی میسر نہیں ہو پا رہا ہے۔

اس حوالے سے سپر انٹینڈنگ انجینئر ، سرینگر گاندربل انجینئر امرینہ انجم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

........Amreena........

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کولگام ضلع کے یاری کھاہ دمحال ہانجی پورہ میں 30کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کی گئی واٹر سپلائی اسکیم کا افتتاح کیا۔ اس اسکیم کی بدولت علاقے کے 16دیہات کو پینے کا صاف پانی مہیا ہوگا۔

وزیر موصوفہ نے ضلعے کے نور آباد علاقے میں بھی 3بڑی واٹر سپلائی سکیموں کےلئے کامن راءواٹر مین کابھی افتتاح کیا۔ یہ پروجیکٹ 10کروڑ13لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا جائے گا، جس سے حلقے میں آبادی کے ایک بڑے حصے کےلئے پانی کی سپلائی یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔

جا وید ڈار

محکمہ زراعت، دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جا وید احمد ڈار نے فروٹ منڈی کانسپورہ بارہمولہ کا دورہ کر کے وہاں فروٹ گروورس ایسوسی ایشن، ترقی پسند کسانوں اور باغ مالکان کے ساتھ بات کر کے انکے مسائل جاننے کی کوشش کی۔

انہوننے کہا کہ موسم کے مطابق فصلوں کےلئے بیمہ اسکیم جلد متعارف ہونے کی توقع ہے جبکہ ایک کولڈ سٹوریج سہولت بھی قائم کی جا رہی ہے۔

وزیر موصوف نے ضلعے کے بُمئی علاقے میں بارش پر انحصار کرنے والے کھیتوں میں آبپاشی سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔

APD

اسی دوران محکمہ زرعی پیدا وار کے پرنسپل سیکریٹری شیلندر کمار نے جموں ڈویژن میں پشو پالن سیکٹر میں عملائی جا رہی بڑی سکیموں پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

اس موقعے پر جانکاری دی گئی کہ محکمے کی سبھی سکیموں تک عوام کی آن لائن رسائی ممکن بنائی گئی ہے۔

کانفرنس

گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں10سے 12جولائی تک سوسائٹی آف کلینکل کی13ویں بین الاقوامی کانفرنس میں بھارت اور بیرون ملک Anatomists-2025 سے تعلق رکھنے والے زائد300مندو بین نے شرکت کی۔

افتتاحی تقریب کی صدارت کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے کی جبکہ کالج کی پرنسپل پروفیسر عفّت حسن شاہ نے مہمانوں کا استقبال کیا۔

NAAC

اکریڈٹیشن NAACڈگری کالج بڈگام کی انٹرنل کوالٹی ایشورنس سیل کی طرف سے کے عمل کے بارے میں ایک تربیتی پروگرام منعقد کیا گیا۔

اس موقعے پر پروفیسر گیر محمد اسحاق بطور رسورس پرسن موجود تھے جبکہ کالج کے عملے اور طالب علموں نے بھی اس پروگرام میں شرکت کی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت25 اعشاریہ 3ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پراردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

....

....

....

.....